ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (73)

01-02-2023

بہاول پور(   )پولیس کی گذشتہ 7 0 روز میں منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں،35 ملزمان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے 15 پسٹل 30 بور، 01 بندوق 12 بور، 02 کلوگرام سے زائد چرس، 785 لیٹر شراب، 114 لیٹر لہن اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد، مقدمات درج۔منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جارہاہے، بہاول پور کو منشیات سے ہر صورت پاک کیا جائے گا۔ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق ترجمان پولیس نے بتلایا ہے کہ بہاول پور پولیس نے گذشتہ 07 روز کے دوران ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 16 ملزمان کو گرفتار کر کے 15 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد جبکہ منشیات کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 20 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2330 گرام چرس، 2253 لیٹر شراب، 3725 لیٹر لہن اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ منشیات فروشی ایک لعنت ہے۔جس کو معاشرے سے ختم کر کے ہی دم لیں گے۔ان کے خلاف کریک ڈاؤن اسی طرح جاری رہے گا۔ہمارا عزم جرائم سے پاک معاشرہ ہے۔ان کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیتے ہوئے ان کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: پولیس کی گذشتہ 07 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 35 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (74)

01-02-2023

بہاولپور( ) پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف سے جنوری 2023 میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھیننے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 128 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔گذشتہ ماہ جنوری 2023 میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے موبائل مارکیٹ اور شاپ کیپرز کے تعاون سے 13186 سے زائد موبائل فون کو چیک کیا گیا جس میں لاکھوں روپے مالیت کے 128 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے ۔پنجاب پولیس کے ای گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہو رہا ہے۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جا سکتا ہے۔پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے مفت ڈان کیا جا سکتا ہے،جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے باآسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جا رہی ہیں جو کہ معاشرے میں پولیس کے وقار کو مزید بلند کر رہا ہے

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: پولیس نے گذشتہ ماہ جنوری میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھیننے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 128 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔